# سلسلہ نقشبندیہ اویسیہ

## الشیخ حضرت امیر عبد القدیر اعوان مدظلہ العالی

---

# شرائط برائے مراقبات سالکین

**(لطائف، مراقبات ثلاثہ، سیر کعبہ روضہ اطہر، مسجد نبوی ﷺ، روحانی بیعت، فنابقا، سالک المجذوبی اور عرشی منازل)**

**نوٹ: یہ شرائط عمومی ہیں مزید برآں اسباق کی ترقی کا انحصار سالک کی استعداد پر ہے۔ بعض کو ان اوقات سے پہلے بفضل اللہ استعداد نصیب ہو جاتی ہے اور بعض کو زیادہ وقت درکار ہوتا ہے۔ یہ ذمہ سبق کرانے والے پر آتا ہے کہ سبق کراتے وقت سالک کی استعداد کا خیال رکھے۔**

ا۔ لطیفہ قلب بہت بڑی اہمیت کا حامل مقام ہے۔ سالک کو انتہائی محنت اور محبت سے یہ اہمیت سمجھائی جائے اور باقی لطائف بھی فوراً نہ کرائے جائیں۔ وقت کے ساتھ استعداد بھی دیکھی جائے۔

ب۔ تمام اگلے اسباق کرانے سے پہلے یہ ضرور دیکھا جائے کہ سالک کو کچھ نہ کچھ اپنے سبق کی سمجھ آتی ہو۔

## 1۔ لطائف:

ا۔ جسے ذکر الٰہی کی دعوت دی جائے اور وہ دعوت قبول کرلے تو اسے لطیفہ قلب کرادیا جائے۔

۲۔ اگر وہ ذکر میں باقاعدہ ہو تو ساتوں لطائف کرادیے جائیں مگر ہر لطیفہ پر کم از کم ایک مہینہ محنت کرائی جائے۔

۳۔ جب لطائف شروع کردے، تو اس کے عقائد اور ظاہری اعمال کی اصلاح کی کوشش کی جائے۔

۴۔ اسے حضرت شیخ المکرم مدظلہ العالی کی خدمت میں پیش کیا جائے۔

۵۔ غسل، وضو اور نماز کے مسائل سکھائے جائیں اور نماز پنجگانہ کا عادی بنایا جائے۔

## 2۔ مراقبات ثلاثہ:

ا۔ ظاہری بیعت کے بعد سات (7) لطائف کی تکمیل ہوگی اس کے بعد مراقبات ثلاثہ کرائے جائیں۔ استعداد کمزور ہونے کی صورت میں مراقبات ثلاثہ الگ الگ کرائے جائیں اور کم از کم دو مہینہ ایک مراقبہ پر محنت کرائی جائے۔ تقریباً ایک سال مراقبات ثلاثہ پر محنت کرائی جائے۔

۲۔ خواتین کو ثلاثہ تک مراقبات صاحب مجاز کرا سکتے ہیں۔ اس سے آگے کے مراقبات حضرت شیخ المکرم مدظلہ العالی خود کرائیں گے۔

۳۔ المرشد کا خریدار ہو۔

۴۔ مراقبات کی کیفیات جاننے کے لیے کنوزِ دل کا مطالعہ کرے۔

۵۔ نماز پنجگانہ کی ادائیگی کے ساتھ ساتھ تہجد، تلاوت کلام پاک اور درود شریف کثرت سے پڑھنے کی تلقین کی جائے۔

۶۔ دعوت الی اللہ شروع کرے۔

۷۔ مقامی پروگراموں اور دار العرفان کے اجتماعات میں حاضری زیادہ ہو۔

۸۔ غسل، وضو اور نماز کے مسائل جانتا ہو۔ اس کے لیے مفتی کفایت اللہ کی کتاب "تعلیم الاسلام" پڑھنے کی تلقین کی جائے۔

## 3۔ سیر کعبہ:

ا۔ جب مراقبات ثلاثہ راسخ ہو جائیں اور ظاہری اعمال بھی درست ہونے لگیں تب سیر کعبہ کرایا جائے۔ طواف، سیر صلاۃ، سیر قرآن اور ملتزم پر دعا اس مراقبے کے حصے ہیں۔ چھ ماہ سے ایک سال تک استعداد کا خیال کرتے ہوئے سالک کو محنت کرائی جائے۔

۲۔ تہجد میں باقاعدگی اور درود شریف کی کثرت۔ ۳۔ ماہانہ اجتماع دار العرفان میں باقاعدہ حاضری۔

۴۔ دعوت الی اللہ کی محنت۔ ۵۔ مراقبات کی کیفیات جاننے کے لیے کنوزِ دل کا مطالعہ کرے۔

۶۔ داڑھی رکھنے کی ترغیب دینا۔ ۷۔ معاملات اور اخلاقیات میں بہترین کارکردگی کا حامل ہونا۔

## 4۔ روضہ اطہر و مسجد نبوی ﷺ

یہ ایک ہی مراقبہ کے دو پہلو ہیں۔ جب سالک کو روضہ اطہر کرایا جاتا ہے تو مسجد نبوی ﷺ کی استعداد بھی حاصل ہو جاتی ہے۔ اس لیے یہ مراقبات اکٹھے ہی کرائے جائیں۔ ان مراقبات پر تقریباً دو سال محنت کرائی جائے۔

ا۔ داڑھی کا سنت کے مطابق ہونا

۲۔ روز مرہ زندگی کے جملہ امور میں نبی رحمت ﷺ کی سنتوں کو زندہ کرنا۔

۳۔ درود شریف کثرت سے پڑھنا۔

۴۔ سیرت النبی ﷺ کا مطالعہ کرنا

**مجوزہ کتب:** ا۔ نشر الطیب فی ذکر الحبیب ﷺ از مولانا اشرف علی تھانویؒ

ب۔ النبی الخاتم ﷺ از مولانا مناظر احسن گیلانیؒ

۵۔ مندرجہ ذیل کتب کا مطالعہ کرنا:

ا۔ کنوزِ دل از حضرت امیر محمد اکرم اعوانؒ ب۔ دیارِ حبیب ﷺ میں چند روز از حضرت امیر محمد اکرم اعوانؒ

ت۔ خدایا ایں کرم بارِ دگر کن از حافظ عبد الرزاقؒ پ۔ اسرار الحرمین از حضرت مولانا اللہ یار خانؒ

۶۔ جماعت کرانے کے لیے ترغیب دیں۔

۷۔ دعوت الی اللہ میں اضافہ۔

۸۔ نمازِ جنازہ پڑھانے کی ترغیب دیں۔

۹۔ طریقہ ذکر اور ذکر الٰہی کی دعوت دینے کے لیے قرآنی آیات اور احادیث کی روشنی میں بیان کر سکتا ہو۔

(مجوزہ پمفلٹ: ذکر اللہ قرآن و حدیث کی روشنی میں )

## 5۔ روحانی بیعت:

ا۔ مسجد نبوی ﷺ کے مراقبہ کو کم از کم دو سال ہو چکے ہوں۔

۲۔ تلاوت قرآن کریم باقاعدگی سے کرتا ہو۔

۳۔ تفسیر اسرار التنزیل اور اکرم التفاسیر کا مطالعہ کرتا ہو۔

۴۔ صبح شام ذکر الٰہی کی باقاعدگی کے ساتھ دعوت الی اللہ بھی دیتا ہو اور کہیں نہ کہیں نئے احباب کو ذکر کراتا ہو۔

۵۔ جا نماز پنجگانہ اور نماز جنازہ پڑھا سکتا ہو۔ ۶۔ تہجد کا پابند ہو۔

۷۔ نماز، وضو، غسل اور طہارت کے مسائل سے واقف ہو۔ ۸۔ کثرت سے درود شریف پڑھتا ہو۔

۹۔ المرشد کا خریدار ہو۔ ۱۰۔ کنوزِ دل کا مطالعہ کر رکھا ہو۔

۱۱۔ ہشت روزہ کورس کیا ہو۔( علمائے کرام یا وہ احباب جنہوں نے اسلامیات میں MA کیا ہو، مستثنیٰ ہیں)

۱۲۔ مقامی اجتماعات دار العرفان کے اجتماعات اور اعتکاف میں حاضری دیتا ہو۔

۱۳۔ معاملات، لین دین، کاروبار اور ملازمت شریعت مطہرہ کے مطابق ہوں۔

۱۴۔ اقامت دین اور سلسلہ عالیہ کی ترویج کے لیے جانی و مالی جذبہ ایثار رکھتا ہو۔

۱۵۔ سلسلہ عالیہ کی کتب، اکرم التفاسیر، اکرم التراجم اور المرشد کا مطالعہ کرتا ہو اور دوسروں کو بھی اس کی ترغیب دیتا ہو۔

## 6۔ فنابقا:

دوائر محبت، مراقبہ اسم ظاہر و باطن تک کے اسباق سالک کو مراقبات ثلاثہ کے بعد بھی کرائے جاسکتے ہیں اور ان کے بغیر بھی سیر کعبہ کا سبق کرایا جاسکتا ہے۔ وگرنہ عمومی طور پر روحانی بیعت کے بعد کرائے جاتے ہیں۔

۱۔ روحانی بیعت کے کم از کم ایک سال بعد فنابقا کرایا جائے اور ان مراقبات پر کم از کم ایک سال محنت کرائی جائے۔

۲۔ عملی زندگی میں حقوق العباد کی اصلاح اور کردار کی خوبی میں اضافہ۔

۳۔ فنابقا سے قبل دوائر ثلاثہ، مراقبہ اسم ظاہر و باطن اور سجدہ عبودیت بھی کر دیا جائے۔

۴۔ مندرجہ بالا مراقبات کی تفصیل اور کیفیات جاننے کیلئے مندرجہ ذیل کتب کا مطالعہ ضروری ہے۔

۱۔ کنوزِ دل ۲۔ رموزِ دل ۳۔ تصوف اور تعمیر سیرت۔

## 7۔ سالک المجذوبی:

سالک المجذوبی میں یہ مراقبہ حضرت شیخ المکرم مد ظلہ العالی خود کراتے ہیں، اس کی شرائط مندرجہ ذیل ہیں:

۱۔ روحانی بیعت کے بعد اس مراقبہ پر تقریباً دو سال محنت کی ہو۔

۲۔ سہ ہفتہ تربیتی نصاب پاس کیا ہو۔

۳۔ کنوزِ دل کا مطالعہ کر رکھا ہو۔

۴۔ لطائف سے لے کر فنابقا تک جو شرائط بیان ہوئی ہیں وہ سب بھی مکمل ہوں۔

## 8۔ عرشی منازل:

یہ منازل بھی حضرت شیخ المکرم مد ظلہ العالی خود کراتے ہیں، اس کی شرائط مندرجہ ذیل ہیں:

۱۔ مندرجہ بالا تمام شرائط مکمل ہوں۔

۲۔ سالک المجذوبی کو کم از کم دو سال ہو چکے ہوں۔

۳۔ پنج ہفتہ تربیتی نصاب پاس کیا ہو۔

۴۔ کنوزِ دل کا مطالعہ کر رکھا ہو۔